31014 ـ بیٹی نے سونا اپنی والدہ کے پاس امانت رکھا ہوا ہے، تو کیا وہ اس کی زکاۃ ادا کرے یا نہ ؟

سوال

میرے پاس دو سونے کے دو کنگن ہیں جنکا وزن پچاسی گرام ہے، میں نے یہ اپنی والدہ کے پاس بطور امانت رکھے ہوئے ہیں، کیونکہ میرے ملك کا قانون سونا باہر لے جانے کی اجازت نہیں دیتا، میں اسے ہر وقت پہنے رکھتی تھی، اور اب میں کسی اور ملك میں ہوں، تو کیا میں اس کی زکاۃ ادا کروں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سوال نمبر (19901) کے جواب میں مستقل فتوی کمیٹی کا استعمال کے لیے تیار کردہ زیور کے متعلق فتوی بیان کیا گیا ہے، اس میں انہوں نے ذکر کیا ہے کہ اہل علم کا راجح قول یہی ہے کہ استعمال کے لیے تیار کردہ زیور میں زکاۃ ہے، اور استعمال کے لیے تیار کردہ زیور میں زکاۃ ہے سے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ وہ ہر وقت استعمال کیا جائے.

اور اس بنا پر آپ کا یہ سونا آپ کی والدہ کے پاس امانت ہونا اسے استعمال سے خارج نہیں کرتا، اور وہ آپ کی ملکیت ہے، تو نصاب میں پہنچنے پر اس میں زکاۃ ہو گی، کیونکہ سونے کا نصاب پچاسی گرام ہے.

آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (2795) کے جواب کا مطالعہ کریں.

اور اس بنا پر اس سونے میں زکاۃ ہے، جو آپ ہر سال نکالیں گی، اس کی مقدار اس کی قیمت سے اڑھائی فیصد ہے.

واللہ اعلم .